RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء	نمبر ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت پرورش ملازمان مردم شماری	۱ و ۲
۲	اظہار خوشی نسبت چال چلن سپرنٹنڈنٹ پولیس	۲
۳	نقشہ حیات وممات نقشہ بارش نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم محکمہ عالیہ ارالانشا با جلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

وارقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

نظری رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر نمبری ۶۸۹

مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ء بمقدمہ دئیے جانے جگہ کے

ملازمان مردم شماری کو وقت خالی ہونے کے کسی محکمہ مین

رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منظور ہے۔ چونکہ عملہ مندرجہ

فہرست نے اپنا کام محنت و جانفشانی سے انجام دیا۔ لہذا آیندہ جس سررشتہ میں جگہ خالی ہو تب ان اشخاص کا لحاظ کر لیا جائے نقل فہرست ذریعہ نقل حکم ہذا محکمہ صدر کو مرسل ہو۔ صدر سے ایک ایک نقل فہرست و حکم ہذا بغرض اطلاع جملہ سکرٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

نقل حکم اجلاس ہمایوں مع نقل فہرست فائل بک اجلاس ہذا میں چسپاں کیجائے اور ایک نقل حکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مع نقل فہرست برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ سلخ قوم ۲۳ جولائی ۱۹۱۱ء

فہرست ملازمان سررشتہ مردم شماری ۱۹۱۱ء

نمبر شمار	نام ملازم بقید ولدیت و قومیت و سکونت	عہدہ	تنخواہ	کیفیت	نمبر شمار	نام ملازم بقید ولدیت و قومیت و سکونت	عہدہ	تنخواہ	کیفیت
۱	منشی وزیر خان ولد محمد خان قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ ...	اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ	[illegible]		۶	منگل لال ولد کشن گنو ساکن رامپور محلہ چاہ شور	محرر	[illegible]	
۲	بابو بچن لال ولد کنہی لال قوم کایستھ ساکن رامپور محلہ چاہ شور	اسسٹنٹ شہر	[illegible]		۷	ہدایت علی ولد کفایت ... قوم شیخ ساکن رامپور محلہ ...	محرر	[illegible]	
۳	ٹھکور لال ولد خیالی رام قوم کایستھ ساکن رامپور محلہ چاہ ...	ناظر	[illegible]	اس شخص نے کام نظارت و محافظ دفتری وغیرہ بخوشی انجام دیا ہے	۸	نقی احمد خان ولد شفیع احمد خان ساکن رامپور محلہ گوئیا تالاب	محرر	[illegible]	
۴	نظیر احمد خان ولد وزیر خان قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ ...	محرر	[illegible]		۹	اشفاق حسین ولد علی حیدر خان ساکن رامپور محلہ ...	محرر	[illegible]	
۵	سانتا پرشاد ولد جنگ بہادر ساکن رامپور محلہ زینہ عنایت خان				۱۰	شفیع الرحمن خان ولد ... ساکن رامپور	محرر	[illegible]	یہ شخص ٹونک کو چلا گیا

برگیڈ آرڈر اجلاس کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج واقع ۱۷ اگست ۱۹۱۱ء

میجر مالکوکس صاحب بہادر انسپکٹنگ افسر پنجاب امپیریل سروس کی روانگی کی چٹھی مورخہ ۳۱ جولائی ۱۹۱۱ء ملاحظہ ہوئی جس سے معلوم ہوا کہ رامپور امپیریل سروس ٹروپس کے افسران کے اردلیوں کا چال چلن سفر جہاز اور قیام ولایت میں عمدہ اور قابل تعریف رہا۔ ہمکو بھی اظہار خوشی کا موقع ہے کہ افسران و اردلیان نے سفر و قیام ولایت میں عمدہ چال چلن اپنا ثابت کیا۔ نقل برگیڈ آرڈر درج گزٹ ہو۔

مطبع پریس ریاست رامپور